**شعبہ نشرو اشاعت تنظیم اسلامی پاکستان**
**36-کے، ماڈل ٹاؤن لاہور، فون: 042-35869501، ای میل: media@tanzeem.org**

3مارچ2026ء

# پریس ریلیز

## ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی حملہ تیسری عالمی جنگ کا باقاعدہ نقطۂ آغاز ہو سکتا ہے۔
## عرب ممالک میں موجود امریکی اڈوں نے اُنہیں بھی جنگ میں حصّہ دار اور ٹارگٹ بنا دیا ہے۔
## پاکستان ابلیسی اتحادِ ثلاثہ کا اگلا نشانہ ہو سکتا ہے، ہمیں عسکری کے ساتھ ساتھ نظریاتی تیاری بھی مکمل رکھنا ہو گی۔

**(شجاع الدین شیخ)**

**لاہور(پ ر):** ایران کے خلاف امریکی اور اسرائیلی حملہ تیسری عالمی جنگ کا باقاعدہ نقطۂ آغاز ہو سکتا ہے۔ عرب ممالک میں موجود امریکی اڈوں نے اُنہیں بھی جنگ میں حصّہ دار اور ٹارگٹ بنا دیا ہے۔ پاکستان ابلیسی اتحادِ ثلاثہ کا اگلا نشانہ ہو سکتا ہے، ہمیں عسکری کے ساتھ ساتھ نظریاتی تیاری بھی مکمل رکھنا ہو گی۔ اِن خیالات کا اظہار تنظیم اسلامی کے امیر **شجاع الدین شیخ** نے اسرائیل اور امریکہ کا ایران پر حملہ کر کے ایرانی سپریم لیڈر علی خامنہ ای اور دیگر اہم عہدیداروں کی ٹارگٹ کلنگ کی شدید مذمت اور سکولوں کی طالبات پر حملے پر ایرانی عوام کے ساتھ اظہار یکجہتی کے پیغام میں کیا۔ اُنہوں نے کہا کہ امریکہ اور اسرائیل نے مشرقِ وسطیٰ سمیت پوری دنیا کو آگ کے دہانے پر لا کھڑا کیا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ ایران پر حملہ کو گریٹر اسرائیل کے ابلیسی منصوبہ کے تناظر میں دیکھا جائے تو واضح ہو جاتا ہے کہ کئی دہائیوں سے اسرائیل اور امریکہ نے مشرقِ وسطیٰ کے مسلم ممالک کو آپس میں لڑا کر انتہائی کمزور کر دیا ہے۔ عرب ممالک نے امریکہ کو فوجی اڈے بنانے کے لیے اپنی سرزمین دی تھی اور وہی فوجی اڈے آج اُن کے لیے وبال جان بن چکے ہیں۔ پھر یہ کہ ٹرمپ، جو دنیا میں امن قائم کرنے کے جھوٹے نعروں پر امریکی صدر منتخب ہوا، جس کے امریکی صدر منتخب ہونے پر بعض عاقبت نا اندیش مسلم ممالک کے حکمران بھی خوشیاں مناتے دکھائے دیے اور جسے وزیر اعظم پاکستان نے امن کے نوبل انعام کے لیے نامزد کیا اور اُس کی تعریفوں کے پُل باندھے، آج نیتن یاہو کے حکم پر مشرقِ وسطیٰ میں انسانیت کی تمام حدیں پار کرنے کے بعد پاکستان کو اگلے ہدف کے طور پر تاک رہا ہے۔ پاکستان کو اِس خطرناک صورتِ حال میں اپنے اصل دشمن کو پہچان کر اُس کے گھیرے سے خود کو محفوظ رکھنا ہو گا۔ اسرائیل اور پاکستان کے ازلی دشمن بھارت کی خواہش ہے کہ پاکستان کے ایٹمی دانت توڑ دیے جائیں۔ اُنہوں نے کہا کہ حکومتِ پاکستان کو چاہیے کہ امریکہ کی غلامی کو فوری طور پر ترک کر کے ملکی سیاست میں تمام اسٹیک ہولڈرز کو اعتماد میں لے کر اور بین الاقوامی سطح پر اپنے حلیفوں کو ساتھ لے کر مشرقِ وسطیٰ میں مسلم ممالک کے اتحاد کے لیے کوششیں شروع کرے۔ نام نہاد غزہ بورڈ آف پیس کی رکنیت کو فوری طور پر چھوڑ دے۔ ہم یہ نہ بھولیں کہ سابق سویت یونین ہزاروں ایٹمی ہتھیاروں کا حامل ہونے کے باوجود نظریاتی پسپائی کے باعث شکست و ریخت کا شکار ہو گیا تھا، لہٰذا پاکستان کو عسکری طور پر مضبوط کرنے کے ساتھ نظریاتی سطح پر حقیقی معنوں میں اسلام کا قلعہ بنانا ہماری اوّلین ترجیح ہونی چاہیے۔ مستقبل کے خطرات کا اِسی صورت میں مقابلہ کیا جا سکے گا۔ اللہ تعالیٰ اُمتِ مسلمہ کو اتحاد و اتفاق اور دشمن کو نیست و نابود فرمائے۔ آمین!

**جاری کردہ**
**رضاء الحق**
**مرکزی ناظم نشرواشاعت**

# TANZEEM E ISLAMI

**PRESS RELEASE: March 3rd, 2026**

**The American and Israeli attack on Iran could mark the formal beginning of a Third World War.**

**The presence of American bases in Arab countries has rendered them participants in the war and legitimate targets as well.**

**Pakistan may be the next target of the satanic alliance of three – Israel, America, and India – and we must ensure complete ideological preparedness alongside military readiness.**

**(Shujauddin Shaikh)**

**Lahore (PR):** This was stated by the Ameer of Tanzeem-e-Islami, **Shujauddin Shaikh,** in a statement strongly condemning the American and Israeli attack on Iran, the targeted killing of Iranian Supreme Leader Ali Khamenei and other senior officials, and expressing solidarity with the Iranian people following the attack on schoolgirls. He said that America and Israel have pushed not only the Middle East but the entire world to the brink of fire. When viewed in the context of the satanic Greater Israel project, the attack on Iran makes it clear that for decades Israel and America have deliberately weakened Muslim countries in the Middle East by pitting them against one another. Arab states that once allowed America to establish military bases on their soil now find those very bases becoming a curse upon them. He said that Trump, who was elected President of the United States on false slogans of establishing global peace – and whose election was even celebrated by certain short-sighted rulers of Muslim countries, and who was nominated for the Nobel Peace Prize by the Prime Minister of Pakistan with lavish praise – is today, at Netanyahu's direction and after crossing every limit of humanity in the Middle East, eyeing Pakistan as the next target. Pakistan must recognize its real enemy in this dangerous situation and protect itself from being encircled. Israel and Pakistan's eternal enemy India both desire to break Pakistan's nuclear teeth. He said the Government of Pakistan must immediately abandon servility to America, take all domestic stakeholders into confidence, and in coordination with international allies initiate efforts to establish unity among Muslim countries in the Middle East. It must immediately withdraw from membership of the so-called Gaza Board of Peace. He warned that the former Soviet Union, despite possessing thousands of nuclear weapons, ultimately collapsed due to ideological retreat; therefore, alongside strengthening Pakistan militarily, making it a true fortress of Islam at the ideological level must be our foremost priority. Only then will it be possible to confront the dangers of the future. May Allah (*SWT*) grant unity and solidarity to the Muslim Ummah and annihilate the enemy. Ameen.

**Issued by:**
**Raza-ul-Haq**
**Markazi Nazim Nashr o Ishaat**